4312

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اورادِ فتحیہ شریف مترجم

مع

دعائے حقاب شریف

مترجم: امین علم لدنی شیخ معظم حضرت قبلہ علاّ حاجی

محمد یوسف علی صاحب نگینہ

فیصل آبادی

ساکن بیلے گوجراں شریف

تحصیل سمندری ضلع

فیصل آباد شریف

کتب خانہ وسن پورہ لاہور

4312

ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی

2001ء میں ... صاحب نے

... مایا

PUNJAB
UNIVERSITY
LIBRARY
LAHORE

CLASS NO..........................

BOOK NO ....

S-369—Punjab University Press—10,000—29-1-2003

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

فارسی:۔ کفایت کنندہ ما را اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیچون است و بہترین وکیل و بہترین مددگار و بہترین یاور است

اردو:۔ کافی ہے ہمیں اللہ تبارک تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیچون، اور بہترین وکیل، کیسا اچھا مددگار اور اچھا یاری دینے والا ہے

اورادِ فتحیہ شریف
مترجم

مع دعائے رقاب شریف

تالیف

شیخ المشائخ محبوب ربانی حضرت امیر کبیر سیّد علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مترجم

امین علم المنی شیخ معظم حضرت قبلہ علامہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی فیصل آبادی

نگینہ کتب خانہ، وسن پورہ۔ لاہور

Marfat.com

87628

جملہ حقوق محفوظ ہیں :—

نام کتاب ——— اورادِ فتحیہ شریف

مترجم ——— پیرِ طریقت رہبرِ شریعت امین علم لدنی حضرت
قبلہ علامہ مولانا حاجی محمد یوسف علی نگینہ صاحب مدظلہ العالی فیصل آبادی

حسب فرمائش ——— صاحبزادگان والاشان سلمہم اللہ الرحمٰن فی الدنیا والآخرة

ناشر ——— منیر احمد یوسفی ایم۔اے
خطیب فردوس جامع مسجد شاد باغ و
نوری جامع مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور

تعاون ——— حاجی محمد سلیم یوسفی پروپرائیٹر اسحاق جیولرز
اکبر روڈ کاچھو پورہ ——— لاہور

بار سوم ——— ربیع الاول ۱۴۰۷ھ

تعداد ——— ۵۰۰

ہدیہ ——— ۹,۰۰ روپے

یکے از مطبوعات

نگینہ کتب خانہ۔ عمر دین روڈ وسن پورہ لاہور۔۳۹

Marfat.com

اِنتساب

اورادِ فتحیہ شریف کی یہ مترجم کتاب آقائے دو جہان سرورِ کون و مکان سیّد الانبیاء امام المرسلین، خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین، حضورِ پُرنور شافعِ یومِ نشور احمدِ مجتبیٰ حضرت جناب سیّدنا و مولانا محمّد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ و بارک وسلم کی ذاتِ رحیم و کریم سے منسوب کی جاتی ہے

نیاز آگین

مُنیر احمد یوسفی عفی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

عرضِ حال

اورادِ فتحیہ شریف مقبول بارگاہ حبیب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسّلام والتحیۃ والثناء ہے۔ اور بزرگانِ دین خصوصاً اولیاء نقشبندیہ کے وظائف کا ایک اہم حصہ چلا آرہا ہے۔ سیدی مرشدی ابن علامہ لدنی پیرِ طریقت حضرت علامہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی نے نہایت محنت سے فارسی اور اردو میں ترجمہ فرمایا ہے اور صاحبزادگان والاشان سلمہم اللہ الرحمٰن اور دیگر ارادتمندوں کی فرمائش پر قارئین کرام کی خدمت میں عام فہم اور جیبی سائز میں پیش کیا جا رہا ہے

بندہ ناچیز غفیر پر تقصیر اپنے شفیق و رفیق صادق و متصدق عالم و شجاع پیر و مرشد یوسفِ مصر حسن کا نہایت دل سے شکر گزار ہے کہ انہوں نے اپنی انتہائی مصروفیات کے باوجود قاری کی آسانی کے لئے ترجمہ فرما کے احسان فرمایا۔ بندہ استاذ العلماء شیخ الحدیث مفتی مہر دین صاحب و صدر المدرسین حضرت علامہ قاضی عبدالرحمٰن صاحب اور استاذ العلماء حضرت علامہ عبداللطیف صاحب مجددی کا بھی نہایت احسان مند ہے کہ انہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود عربی متن کی تصحیح پر خاص توجہ فرمائی

آخر میں محترم محمد سلیم یوسفی صاحب پروپرائٹر اسحاق جیولرز اکبر روڈ کاچھو پورہ لاہور کا بھی احسان مند ہے جنہوں نے طباعت کے تمام مراحل میں بھرپور مخلصانہ تعاون فرمایا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ واہب الرحمٰن و خلاق و بسیط و مجید سب کی محنت کو قبول فرمائے ! آمین

میرزا محمد یوسفی عفی اللہ تعالےٰ عنہ

Marfat.com

تعارف مؤلفؒ اوراد فتحیہؒ شریف

شیخ المشائخ موحد ربانی محبوب سبحانی حضرت قبلہ امیر کبیر پیر سید علی ہمدانی
رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ ایک کامل ولی اور ولی گر محسن و مخدوم ملت بزرگ گزرے ہیں۔
آپ ۱۲ رجب ۷۱۴ھ کو ہمدان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد سید شہاب الدین
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہمدان کے حکام میں سے تھے۔ مگر حضرت قبلہ سید صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ
علیہ نے فقر کی راہ اختیار کرلی۔ آپ ۴۵ سال سیاحت میں رہے۔ ہر سال حج شریف
کے لئے تشریف لے جاتے رہے۔ ۷۷۳ھ یا اس سے کچھ قبل آپ ہمدان سے کوہ جودی
تاجکستان کے ایک شہر ختلان میں نقل مکانی کرگئے۔ اس شہر کو آج کل کولاب کہتے
ہیں۔ ختلان سے سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو گہرا لگاؤ تھا۔ یہاں آپ کے ہزاروں عقیدتمند
تھے۔ کہا جاتا ہے کہ امیر تیمور لنگ گرگانی (عہد حکومت ۷۷۱ھ تا ۸۰۷ھ) کو
حضرت قبلہ سید صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ اور ان کے باشعور مریدوں کے اثر و نفوذ سے
خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔ حضرت قبلہ سید صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے امیر تیمور لنگ کی
ہوس ملک گیری اور اس کے مظالم کے خلاف آواز اٹھائی۔ جس کے سبب آپ کو
ترک وطن کرنے پر مجبور کردیا گیا۔ چنانچہ ۷۷۴ھ میں اپنے خاندان اور چھ سات سو
مریدوں کے قافلے کے ساتھ وادیٔ کشمیر کی طرف روانہ ہوئے۔ علاقہ کشمیر جہاں ابتداً
آپ نے سکونت اختیار کی تھی۔ وہاں اسلام کی اشاعت آپ ہی کی مرہون منت

Marfat.com

اور یہ آپ کی کوشش اور روحانیت کا اثر تھا۔ کہ لوگ آپ کے فیض، محبت اور واعظ و نصیحت کے طفیل اور کرامات دیکھ کر دائرہ اسلام میں جوق در جوق داخل ہوتے رہے اور تقریباً ۳۷ ہزار افراد آپ کے دست مبارک پر مسلمان ہوئے۔

نقل ہے کہ علمائے نصاریٰ کی روم کے علمائے اسلام سے اس حدیث شریف پر گفتگو ہوئی کہ عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ۔ علمائے نصاریٰ کہنے لگے اگر تمہارے پیغمبر حضرت جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کا یہ قول حق ہے تو پھر تم مردے زندہ کرکے دکھاؤ۔ جیسے حضرت عیسیٰ روح اللہ علیٰ نبیّنا و علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ والثناء مردوں کو زندہ فرمایا کرتے تھے۔ وہ علماء جن سے یہ گفتگو ہوئی وہ اس کام کے کرنے سے عاجز ہوئے۔ (شاید وہ اس مقام کے علماء نہ تھے۔ جن کی نسبت حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم نے مذکورہ بالا ارشادِ گرامی فرمایا تھا)۔ تو انہوں نے چالیس روز کی مہلت چاہی۔ جب مدت پوری ہوگئی اور وقت مقررہ کے مطابق مجلس ہوئی تو عین اس موقع پر حضرت امیر کبیر سیّد علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ تشریف لے آئے۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم نے بالکل سچ فرمایا ہے کہ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں۔

چنانچہ آپ نے واقعہ کے پیشِ نظر ارشاد فرمایا کہ کوئی مردہ لاؤ۔ میں اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود ومطلق و بیحد کے فضل سے ابھی زندہ کرکے دکھاتا ہوں۔ خیر! آپ کے ارشاد کے مطابق ایک مُردہ لایا گیا۔ آپ نے علمائے نصاریٰ سے پوچھا کہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ والثنا مردہ زندہ کرتے وقت کیا فرماتے تھے

Marfat.com

تو انھوں نے کہا ہمارے پیغمبر قُم بِاِذنِ اللہ فرمایا کرتے تھے۔ آپ فرمانے لگے اگر میں قُم بِاِذنِی کہوں اور مردہ زندہ ہو جاتے تو کیا تم اسلام قبول کر لوگے۔ سب نے وعدہ کر لیا۔ سبحان اللہ! آپ نے قُم بِاِذنِی فرمایا اور مردہ زندہ ہو گیا۔ علمائے نصاریٰ مردہ زندہ ہوتا ہوا دیکھتے ہی حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے۔ آپ نے فرمایا میں تو اپنے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کا ایک ادنیٰ غلام ہوں مجھ سے تو اعلیٰ مقام کے بے شمار مردانِ خدا موجود ہیں۔

روایت ہے حضرت سید موصوف رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کے حلقِ مبارک سے مشتبہ اور حرام لقمہ نہیں گذرتا تھا۔ آپ کی تصانیف میں ذخیرۃ الملوک۔ رسالہ تشفائی الصدور اور مکتوبات وغیرہ شامل ہیں۔

آپ کا وصال ۶، ذی الحجہ ۷۸۶ھ میں ہوا۔ آپ کا روضہ مبارک ختلان میں ہے کسی نے آپ کی تاریخِ وصال مندرجہ ذیل اشعار میں نکالی ہے۔

همدانی است سید همدان　　اسم سامی او علی همدان
خانقاهش بخطهٔ کشمیر　　فیض بخشندہ هر صغیر و کبیر
مرقدش در ولایت ختلان　　فیضها میدهد به پیر و جوان
شد رقم سال نقل آن والا
قطب عالی جنت اعلےٰ

تعارفِ مُترجم

مختصر حالاتِ زندگی

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط

نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین ،

○

سیدی مرشدی پیرِ طریقت راہبرِ شریعت امین علمِ لدنی عالم یلمعی فاضل لوذعی حضرت قبلہ علامہ مولانا حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۹۲۲ء کو اپنے آبائی گاؤں پیلے گوجراں شریف چک ۱۷۶ گ.ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد میں پیدا ہوئے۔

آپ کی والدہ ماجدہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا نے آپ کا اسم گرامی یوسف علی رکھا بعدازاں بزرگانِ دین نے فرمایا کہ نام کے ساتھ "محمد" ضرور ہونا چاہیئے چنانچہ پھر آپ کا اسم شریف "محمد یوسف علی" ہوا۔

تقسیم ہند سے پہلے فیروز پور شہر میں "بزم شاہ جیلاں" نے آپ کو تقریر فرمانے کے لئے بلایا۔ اس موقعہ پر آپ کو "نگینہ ہند" کا خطاب دیا گیا۔ پھر حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دربارِ عالیہ پر تقریر کے لئے بلایا گیا۔ وہاں بھی آپ کو

Marfat.com

"نگینہ ہند" کے نام سے مخاطب کیا گیا اور تشکیلِ پاکستان کے بعد "نگینہ پاکستان" کے نام سے پکارے جانے لگے۔

چھوٹی سی عمر میں آپ نے قرآن مجید پڑھ لیا گاؤں کے سکول میں صرف آٹھ جماعتیں پڑھی ہیں۔ دینی تعلیم کسی مدرسے سے حاصل نہیں کی۔ اللہ جل شانہ علیم ذات کی آپ پر بڑی عنایت ہے کہ آپ کو علم لدنی عطا ہوا ہے۔ آپ عربی فارسی اردو خوب جانتے ہیں بڑے بڑے قابل علما آپ کو دیکھ کر ورطۂ حیرت میں پڑ جاتے ہیں اور یوں گویا ہوتے ہیں کہ "بابے" نے کسی مدرسے سے دینی تعلیم حاصل نہیں کی اور علم اس قدر وسیع ہے کہ بڑے بڑے علما آپ کے سامنے دو زانو ہو کر بیٹھتے ہیں۔ آخر ایسا ہو بھی کیوں نہ! جس کو علیم حقیقی کی معرفت کا نور حاصل ہو۔ جو مدینۃ العلم (صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم) کے عشق میں سراپا مستغرق ہو۔ اس کے علم کی باریکیوں، حقائق و دقائق اور عمیق گہرائیوں تک پہنچنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔

بچپن سے ہی آپ کو عبادت و ریاضت کا بڑا شوق ہے۔ ابھی آپ چوتھی جماعت میں تھے کہ باقاعدگی سے نمازِ تہجد پڑھتے تھے۔

آپ کی زندگی کا ابتدائی دور کڑی آزمائشوں اور سخت امتحانات کا دور ہے ایک وقت ایسا بھی تنگی کا گزرا ہے۔ کہ گندم میں پگھاٹ ملا کر کھاتے تھے (پگھاٹ گندم کی فصل میں خودرو پودہ ہوتا ہے اس پودے کو سرسوں کے دانے کے برابر سیاہ رنگ کے دانے لگتے ہیں)۔ آج اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق وبسیط وبعید کی مہربانی سے اور سرکار ابد قرار علیہ التحیۃ والثنا کے فضل سے آستانہ عالیہ پر لنگر شریف جاری ہے۔

Marfat.com

نعت خوانی

آپ کو بچپن سے ہی نعت خوانی کا شوق رہا ہے۔ ایک نعت شریف آپ اکثر پڑھا کرتے تھے جس کا مطلع یہ ہے۔

مُجھ کو ہے تیری جستجو مجھ کو تیری تلاش ہے
جانِ جہاں کہاں ہے تو مجھ کو تیری تلاش ہے

قدرت نے آپ کو خوش الحانی، سوز وگداز اور وجد ورقت کی نعمت سے مالا مال فرمایا ہے۔ جب آپ اپنے خصوصی انداز میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کے عشق ومحبت میں ڈوبی ہوئی نعت شریف پڑھتے ہیں تو محفل میں وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ آپ اس نعمت کا اظہارِ شکر ان الفاظ میں فرماتے ہیں۔

نعت جب بھی میں پڑھتا ہوں یوسف وجد محفل میں ہوتا ہے طاری
یہ کرم ہے میرے مصطفےٰ کا میری جادو بیانی نہیں ہے

دینی رجحان

آپ کو دین کے ساتھ شروع ہی سے رغبت رہی ہے۔ چھوٹی سی عمر میں ہی آپ غوثوں، قطبوں، سالکوں اور مجذوبوں کی توجہ کا مرکز بنے رہے۔ آپ کو بزرگانِ دین سے ملنے کا بڑا شوق رہا ہے۔ یہی شوق ایک دفعہ آپ کو علی پور شریف حضرت پیر سید جماعت علی شاہ صاحب لاثانی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کے لئے پیدل لے گیا۔ قدرت کو منظور ہی کچھ اور تھا۔ آپ جب علی پور شریف پہنچے تو لاثانی صاحب کا وصال ہو چکا تھا۔ جس دن آپ پیدل اپنے گھر سے چلے تھے وہی دن آپ کے وصال کا دن تھا۔

آپ فرماتے ہیں میرے دل کو بڑا صدمہ پہنچا۔ رات وہیں قیام کیا۔ رات خواب

Marfat.com

میں لاثانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زیارت ہوگئی اور فرمانے لگے یوسف مجھے مُردہ نہ سمجھنا میں زندہ ہوں۔ فرماتے ہیں آپ کی تسلی سے میری رُوح کو سکون اور کیف و سرور نصیب ہُوا۔

سلسلۂ بیعت

آپ کا سلسلۂ بیعت علی پور شریف سے منسلک ہے آپ کی بیعت سلطان العارفین امام السالکین شیخ المشائخ مجمع انوار لاثانی پیر طریقت حضرت قبلۂ عالم پیر سید علی اصغر شاہ صاحب مدظلہ العالی سے ہے۔

اپنے شیخ کے متعلق اپنی مایۂ ناز نعتیہ مجموعہ کتاب نگینے دے نگینے حصہ اول میں تحریر فرماتے ہیں۔

سید سخی لاثانی دا جگر پارا — میرا پیر لاثانی ایں علی اصغر

جنے علی پور دی قسمت بدل دتی — اوہدی پاک نشانی ایں علی اصغر

علی اکبر سرکار دا ویر اصغر — فدا حسین دا جانی ایں آئے علی اصغر

میری بیعت آ اوہناں دے ہتھ اُتے — میرا قبلہ روحانی اے علی اصغر

سیدی مرشدی حضرت قبلہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی نے ہر پیر فقیر سے بھی تعلق قائم کیا۔ محبت کی مثال قائم کردی۔ ویسے تو آپ کا پیرخانہ علی پور شریف ہے۔ لیکن آپ چونکہ نبی کریم رؤف الرحیم احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کے عشق میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ آپ ہر پیر فقیر کی زیارت کرتے اور فیض حاصل کرتے۔

آپ نے اسی نسبت سے ایک شعر فرمایا ہے۔

Marfat.com

؎ اک تیرا جلوہ دیکھن لئی ہیں سو سو ملتاں میاں نے
نھاں نھاں نذرانے ڈھوئے نے نہیں چھڈیا پیر فقیر کوئی

چنانچہ آپ نے کئی غوثوں، قطبوں اور ابدالوں کی زیارت کی اور فیض حاصل کیا۔
درج ذیل میں چند بزرگوں کا ذکر معہ سیدی مرشدی کی ان کے ساتھ عقیدت کا اظہار ان کی زبان مبارک سے کیا جاتا ہے۔

۱۔ قطب زماں حضرت میاں غلام اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (ثانی صاحب) شرقپور شریف ان کی مدح میں آپ فرماتے ہیں۔

میرے قبلہ عالم لاثانی واہ واہ لکھ کے توڑ نبھائی اے
جیہڑی نعمت ویرنے بخشی سی ایہنے رج رج کے ورتائی اے
یوسف نے جو بھی پایا اے بس ایسے در توں پایا اے
کھا قسم خدا دی آکھاں ہاں ہر نعمت ایتھوں پائی اے

۲۔ شیخ معظم پیر کامل حضرت قبلہ سید علی اکبر شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (علی پور شریف) ان کی مدح میں آپ فرماتے ہیں

؎ دامن موتیاں نیں جنہے بھر دتا، میرے جیہے غریب دیوانے والے
نظراں والیاں نے صاف دیکھیا اے سید پاک ابدال زمانے والے

۳۔ قطب وقت حضرت قبلہ شیخ طریقت مولانا محمد سردار احمد صاحب محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی شان میں بیان فرماتے ہیں۔

؎ عالم گر عامل ، ولی گر عارف قطب وقت سردار سی سنیاں دا
کیہ میں اس دی یوسف تعریف لکھاں ہر سخی سالار سی سنیاں دا

Marfat.com

۴۔ قطبِ زماں حضرت پیر سید محمد اسماعیل شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (کرمانوالہ شریف نزد اوکاڑہ)

۵۔ حضرت بابا محمد حسن صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (آپ کے علاقہ شریف کے قطب تھے ۔ ان کا روضہ انور چک نمبر ۲۷ گ ب قطرودال شریف تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد شریف میں ہے۔

۶۔ حضرت پیر حافظ سید جماعت علی شاہ صاحب (امیرِ ملت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی مدح میں فرماتے ہیں۔

ہ اکے نظر جنہیں قطب بنایا جنے جیہی پیروں قطب الاقطاب بلیا
در بے بوہے تے جیہڑا گدا آیا اوہنوں نیں ملیا بے حساب ملیا

۷۔ حضرت پیر سید جماعت علی شاہ صاحب لاثانی علی پوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور

۸۔ حضرت پیر قطب الاقطاب شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ یہ وہ ہستیاں ہیں جن کے پردہ فرما جانے کے بعد ملاقاتیں ہوئیں اور ان سے فیوض و برکات حاصل کیں ان کی شان میں علی الترتیب فرماتے ہیں

ہ دو جہانیں دا علی دا جگر گوشہ علی پوری لاثانی ایں پیر میرا
مشکل بنی تے آ وندا ے کم میرے تاجدار میرا دستگیر میرا
صدقے جاواں محمد دے شیر توں شرقپور دے بھاگ جگائے جنے
اُس دی نظر نوازی توں جاں صدقے ولی غوث تے قطب بنائے جنے

۹۔ پیر غلام حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ۔ آپ حضرت پیر سید حافظ جماعت علی شاہ صاحب (علی پوری) کے صاحبزادے تھے۔

Marfat.com

۱۰۔ پیر محمد حسین صاحب کوٹلہ شریف والے۔

علمائے دین سے ملاقاتیں

آپ کو بچپن سے ہی اہلسنت و جماعت کے مایہ ناز علمائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم سے ملاقات کا شوق رہا ہے اور کئی علمائے کرام رحمہم اللہ تعالےٰ علیہم سے تو بہت ہی قریبی تعلق رہا ہے۔ چند علمائے کرام کے نام تبرکاً تحریر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت قبلہ بابا نبی بخش صاحب حلوائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ وقت کے بہت بڑے ولی تھے آپ نے پنجابی میں قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے۔ جو تفسیرِ نبوی کے نام سے مشہور ہے۔

۲۔ فقیہہ اعظم حضرت مولانا محمد شریف صاحب محدث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کوٹلی لوہاراں شریف۔ سیالکوٹ۔

۳۔ مناظرِ اعظم پاکستان، سید المبلغین، امام اہلسنت، عاشق رسول، الحاج حضرت مولانا محمد عمر صاحب اچھروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ نے کئی کتابیں لکھی ہیں جن میں درج ذیل بہت مشہور ہیں۔

مقیاس صلوٰۃ۔ مقیاس حنفیت۔ مقیاس نبوت۔ مقیاس نور وغیرہ۔

ملنے کا پتہ:۔ **نگینہ کتب خانہ** وسن پورہ لاہور۔

۴۔ محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد صاحب قدس سرہٗ العزیز، فیصل آبادی

۵۔ شمس العلماء حضرت مولانا عبد الغفور ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ۔

۶۔ عالم محقق و مدقق حضرت مولانا محمد یوسف صاحب سیالکوٹی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

۷۔ مفسر قرآن حضرت مولانا مفتی احمد یار خاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ

Marfat.com

کئی کتابوں کے مصنف ہیں جن میں تفسیر نور العرفانؒ۔ تفسیر نعیمی ادرجا الحق، مراۃ شرح مشکوٰۃ، شان حبیب الرحمٰن وغیرہ بہت مشہور ہیں۔

۸۔ حضرت جناب قبلہ سید ناظر حسین شاہ صاحب زنبورہ شریف

۹۔ عالم بے بدل جناب مولانا مولوی محمد مسعود صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

۱۰۔ حضرت مولانا علامہ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا چھوپورہ۔ لاہور

۱۱۔ سید المدرسین شمس العلماء واقف رموزِ خفی و جلی، امام الوقت۔ اعلیحضرت علامہ غلام رسول صاحب مدظلہ العالی شیخ الحدیث فیصل آباد

۱۲۔ حضرت علامہ مولانا صوفی محبوب عالم صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سلطان پورہ۔ لاہور

وعظ

شروع شروع میں آپ نعت خوانی کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک جلسہ کے موقع پر آپ قطب زماں، پیر طریقت راہبر شریعت۔ حضرت قبلہ میاں غلام اللہ صاحب (المشہور ثانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت قبلہ میاں ثانی صاحب قدس سرہٗ العزیز نے فرمایا کہ "مولانا آپ اُٹھ کر تقریر کریں"۔ بس اسی دن سے پھر سلسلہ تقاریر بھی شروع ہو گیا۔

آپ کی آوازِ مبارک میں اللہ تبارک تعالیٰ واجب الوجود مطلق و لبسیط و بیحد نے ایسا سوز و گداز اور درد رکھا ہوا ہے کہ محفل میں عجیب وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ آپ کا اندازِ بیاں بڑا دلکش، سوز و گداز سے بھرپور، محققانہ و مدلل اور سادہ

ؔ ملنے کا پتہ:۔ نگینہ کتب خانہ۔ دسن پورہ۔ لاہور

Marfat.com

عام فہم ہوتا ہے۔ عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کا ایسا غلبہ ہے کہ تقریر کے دوران جب یہ عشق اپنا رنگ دکھاتا ہے تو سامعین بھی عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کی نعمت سے فیض یاب ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے جذبہ عشق کے غلبہ کی وجہ سے آپ کے جلسوں سے دو جنازے بھی اُٹھائے گئے ہیں۔

تبلیغِ دین

باقاعدہ وعظ و خطابت سے قبل اوائل عمر میں ہی تبلیغِ دین کے ساتھ گہری دلچسپی تھی۔ ویسے وعظ و خطابت کو تقریباً انتیس ۲۹ سال ہو گئے ہیں۔ آٹھ سال تک اپنے گاؤں شریف میں خطابت فرماتے رہے آٹھ سال تاندلیانوالہ میں فرائض خطابت سرانجام دیئے اور سترہ سال تک دستگیری جامع مسجد غلام محمد آباد فیصل آباد شریف میں خطابت فرماتے رہے ہیں ۱۹۸۰ء میں فروری کے آخری عشرہ سے لے کر اپریل کے آخری عشرہ تک شوگر کی تکلیف کی وجہ سے یہ سلسلہ بدستور منقطع رہا۔ ویسے اللہ تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بسیط و بحید جل سلطانہٗ کے فضل و کرم اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ والثنا کی رحمت کے صدقہ سے تبلیغی سرگرمیاں دوبارہ سے شروع ہو چکی ہیں۔ صحت یابی اگرچہ مکمل نہیں پھر بھی تبلیغ کا سلسلہ جاری ہے ویسے تکلیف کے دوران یہ منظر اکثر دیکھنے میں آتا رہا کہ طبیعت بڑی نحیف ہے۔ دیکھنے والوں کو نقاہت نظر آرہی ہے لیکن اگر کسی تیمار داری کرنے والے نے دین کے بارے میں کوئی بات کی تو آپ نے بدستور تین تین گھنٹے اُلجھنوں کو بڑے مشفقانہ اور مدلل انداز میں حل کرنے کے لیے گفتگو فرمائی۔ اور ایسے محسوس ہوتا تھا کہ آپ کو کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بحید جل جلالہٗ اپنے محبوب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم

Marfat.com

کے صدقے آپ کو شوگر سے مکمل طور پر صحت یاب فرمائے۔

شوگر کی تکلیف سے انسانی جسم میں کمزوری آجاتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بسیط و بیحد والے بھی مافوق العقل لوگ ہوتے ہیں۔ ان کی باتیں بھی عجیب ہوا کرتی ہیں۔ ۲۷-اپریل ۱۹۸۰ء کی بات ہے کہ آپ لاہور تشریف لائے ہوئے تھے۔ بندہ ناچیز نے عرض کیا کہ سرکار کے پیر و مرشد سلطان العارفین۔ سید الاصفیا، امام السالکین شیخ المشائخ مجمع الانوار، لاثانی پیر طریقت حضرت قبلہ عالم سید اصغر علی شاہ صاحب مدظلہ العالی تشریف لائے ہوئے ہیں۔ تو آپ فرمانے لگے وہاں ضرور جانا ہے چنانچہ عشاء کی نماز کے وقت حضرت جناب صوفی نذیر احمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے گھر بکیو فیکٹری سے پیچھے کرم نگر میں جہاں قبلہ شاہ صاحب تشریف فرما تھے پہنچ گئے۔ حضرت قبلہ شاہ صاحب سیدی مرشدی کو بڑی محبت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ جب آپ وہاں پہنچے تو آپ نے صوفی نذیر احمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صاحبزادے جناب صوفی غلام شبیر صاحب کو فرمایا کہ "لو بھئی! تم بڑے خوش نصیب ہو۔ حاجی محمد یوسف علی نگینہ صاحب مدظلہ العالی تشریف لے آئے ہیں۔ تمہاری گیارہویں شریف کی محفل قبول ہوگئی"۔ سیدی مرشدی حضرت قبلہ پیر صاحب جسمانی طور پر نقاہت اور کمزوری محسوس فرما رہے تھے۔ مگر جب آپ کے پیر و مرشد نے فرمایا کہ آپ کسی موضوع پر بیان فرمائیں تو آپ نے سورۃ فاتحہ شریف تلاوت فرمائی۔ اور دو اڑھائی گھنٹے تک سورۃ فاتحہ شریف کی تفسیر اور نکات بیان فرماتے رہے۔ (یہ نکات انشاء اللہ العزیز تفسیر یوسفی میں تفصیل سے شائع ہوں گے)۔ حضرت قبلہ شاہ صاحب بہت خوش اور محظوظ ہوئے ہیں اور قرآن پاک کی قرآن پاک کے ساتھ تفسیر اور بے نظیر دلائل سن

Marfat.com

کر بہت حیران ہوئے۔ کہ آپ قرآن پاک کے علوم کے بحرِ بے کراں کی اتھاہ گہرائیوں سے گوہر موتی کیسے احسن اور عجیب انداز میں نکال کر لاتے ہیں۔ خیر! پروگرام تقریباً بارہ بجے تک جاری رہا۔ اگلے روز بندہ ناچیز منیر احمد یوسفی اور پیرِ طریقت جناب محمد رفیق یوسفی صاحب مدظلہٗ العالی کو حضرت قبلہ شاہ صاحب کے پاس شجرہ نقشبندیہ جماعتیہ کے متعلق ہدایات حاصل کرنے کے لئے جانا پڑا تو آپ نے اس موقع پر گزشتہ رات والی محفل کا ذکر چھیڑ دیا۔ آپ فرمانے لگے کہ "جناب حاجی صاحب کی رات والی تقریر سُن کر بڑا سرور آیا۔" پھر فرمانے لگے کہ "اُن پر اللہ تبارک وتعالیٰ واجب الوجود ومطلق و بیحد کی خاص عنایات ہیں۔ انہیں دین کے ساتھ شروع سے بڑی محبت ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد نے انشراحِ صدر فرما دیا ہوا ہے اور پھر کیسی عجیب بات ہے کہ سکول کی صرف آٹھ جماعتیں پڑھی ہیں۔ کسی مدرسے میں تعلیم حاصل نہیں کی۔ دراصل وہ "تلمیذ الرحمٰن" ہیں۔ اس سے قبل بھی ایک موقع پر ایک خط میں حضرت قبلہ شاہ صاحب نے آپ کو عالمِ لمعی، فاضل لوذعی اور یوسفِ مصرِ محبت کہہ کر خطاب فرمایا تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ واجب الوجود ومطلق و بسیط و بیحد کا آپ پر بڑا احسان ہے۔

شعروشاعری

آج سے تقریباً اڑتیس سال پہلے آپ کے دل میں شعر و سخن کا اُبال اُٹھا۔ تو آپ نے نعتیہ شعر لکھے پھر وہ شعر جو نظموں اور نعتوں کا رُوپ دھار چکے تھے جلسوں میں پڑھ دیئے گئے۔

آپ فرماتے ہیں "پتہ نہیں یہ کس اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود ومطلق و بسیط و بیحد) کے مقبول بندے کی دعا کا کمال ہے کہ میں اپنے شعر جس مجلس میں پڑھتا اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود ومطلق و بسیط و بیحد) کی مہربانی اور سید الانبیاء محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کے صدقے سے مقبول و منظور ہوتے رہے"
بہرحال آپ کا یہ سلسلہ جاری رہا اور بعض ایسے شعر بھی لکھے جو ضرب المثل بن گئے
مثلاً ایک مصرعہ

"لے یارہویں والے دا ناں تے ڈبی ہوئی تر جائیں گی"

اس قدر مشہور ہوا کہ مخالفین کی زبان پر بھی چڑھ گیا۔
اسی طرح ایک شعر ہے۔

اللہ نبی اولیا بھر دیندے نیں تولیا
اینہاں نوں نہ منے جیہڑا اوہنوں مالیخولیا

یہ شعر جب آقائے نعمت محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا محمد سردار احمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سُنا تو آپ پر ایک عجیب کیفیت طاری ہو گئی۔ چنانچہ اسی کیفیت کی حالت میں سیدی مُرشدی حضرت قبلہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی کو وہ کچھ عطا ہوا جس کے متعلق اکثر فرماتے ہیں کہ" ساری عمر میں شکریہ ادا نہیں کرسکتا"۔ پھر محدثِ اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ نے ریمارکس دیئے کہ" نگینہ صاحب آپ نے اس شعر میں اہلسنت و جماعت کے عقیدے کو بیان فرما دیا ہے"۔
آپ کا اندازِ شعر گوئی بالکل نرالا ہے۔ آپ کے شعروں میں حقیقت کی چاشنی پائی جاتی ہے۔ آپ کے اشعار اور نعتیں عشقِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کا مرقع ہیں۔ اور سوز و گداز و درد سے بھرپور ہیں۔ آپ جو بھی شعر لکھتے ہیں یا نعت اور نظم وغیرہ کہتے ہیں۔ اس کی سند نصوص قرآنیہ اور احادیث مقدسہ سے مل جاتی ہے۔ آپ کی شعر گوئی میں "آمد" اور "آورد" پائی جاتی ہے۔ آپ کی

Marfat.com

تین وجد آفرین نعتیہ مجموعہ کتابیں نگینے دے نگینے حصہ اوّل اور نگینے دے نگینے حصہ دوم اور ضیائے نگینہ حصہ اوّل چھپ چکی ہیں ۔

آپ کے کلام شریف کے چند نمونے ملاحظہ فرمائیں ۔

حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وبارک وسلم کی شان میں فرماتے ہیں

ایہہ دھرتی ناں ہندی ناں آسماں ہوندا
جے پیدا نہ عرشاں دا مہمان ہوندا
ناں شمس و قمر کہکشاں ناں ستارے ناں جنت ناں جنت دا سامان ہندا
کرم جے ناں ہندا میرے مصطفٰے دا
ناں لگدا پتہ ابتدا انتہا دا
ناں یوسف نگینہ لٹاوندا نگینے ناں مضمون ہندا ناں عنوان ہندا

ایک اور نعت شریف میں فرماتے ہیں ۔

ویکھو محبوباں دی مرضی تے قبلے بدلائے جاندے نے
محبوب دے پاک اشارے تے سجدے کروائے جاندے نے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وبارک وسلم کے ہجر و فراق میں فرماتے ہیں ۔

کملی والے دی یاد بے تاب کیتا اکھاں روندیاں خون برساندیاں نے
ٹیساں نکلدیاں نے میرے جگروچوں ہاواں نویں طوفان اٹھاندیاں نے

○

ایک اور نعت شریف میں فرماتے ہیں ۔

Marfat.com

مرنے توں پہلاں مرجاناں ہے سبق ایہہ اہلِ طریقت دا
مرمر کے دلبر نوں باناں ہے سبق ایہہ اہلِ طریقت دا

O

گیا مار وچھوڑا سجناں دا اکھیاں چپ اُتھرو رُکدے نہیں
کی دساں دسن نہیں ہندا ڈونگھے عشق دے پینڈے مُکدے نہیں

O

نبیاں تے ولیاں دے در تے مقبول دُعاواں ہندیاں نے
ہَڑ وگدے نے جد اتھکاں دے پھر معاف خطاواں ہندیاں نے

O

ہو جاندی اے بخشش پاپیاں دی نبی پاک دے پاک دوارے تے
رب بخشش کر دا اے پر کردا اے محبوب دے پاک اشارے تے

O

اوہ خوشحال رہندا دو جہان اندر جنہوں اوٹ میراں دستگیر دی اے
اوہ ڈبدے بیڑے پار کرے شان وکھری پیراں دے پیر دی اے

O

بندے رب دے دُعا کر کے تقدیر بدل دیندے
ایہہ لوح دے قلم والی تحریر بدل دیندے

O

Marfat.com

پچھ اہلِ ذکر فقیراں نوں، پُچھ سچیاں سُچیاں پیراں نوں!
راہ سِدھا دسدے نے نالے دیندے نے بدل تقدیراں نوں

○

اِخلاق و اوصاف

آپ بڑے شفیق اور مہربان ہیں۔ حلیم الطبع ہونے کے علاوہ کریم النفس بھی ہیں۔ عجز و انکساری آپ کی فطرت میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ عفو و درگزر آپ کے اوصاف کی زینت ہے۔ اگر کوئی تلخ کلامی یا درشتی سے پیش آئے تو اس سے بڑے پیار اور محبت بھرے انداز سے پیش آتے ہیں۔ آخر ایسا ہو بھی کیوں نا؟ آپ عاشق بھی تو رحمۃ اللعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کے ہیں۔

کوئی اجنبی آپ سے مل کر اجنبیت محسوس نہیں کرتا۔ دل کے غنی اور ہاتھ کے سخی بھی ہیں۔

حُسنِ اخلاق اور درگزر کا واقعہ

پچھلے چند سالوں کی بات ہے کہ لاہور میں ایک شخص نے حسد کی بنا پر حضرت صاحب کے خلاف لوگوں میں یہ بات بڑے زور و شور سے پھیلانا شروع کر دی۔ کہ (مولانا محمد یوسف علی صاحب) نعت خواں بے علم اور جاہل ہیں (نعوذ باللہ) اور جو پیر بے علم اور جاہل ہو وہ لوگوں کی کیا راہبری کرے گا یہاں تک کہ دو تین کتابوں میں بھی اِس کا ذکر کیا۔ حضرت صاحب قبلہ کو جب اس بات کی اطلاع ملی۔ تو آپ نے کسی قسم کا اظہارِ ناراضگی نہ کیا اور نہ ہی کوئی انتقامی کارروائی یا دفاعی کارروائی کے بارے میں سوچا۔ ہم مُریدین نے جواب دینے کے

87628 2012

Marfat.com

لئے کچھ تدابیر سوچیں مگر آپ نے ہمیں منع فرما دیا۔

حضرت قبلہ پیر صاحب نے مذکورہ بالا شخص کی باتوں کا ذکر شیخ الحدیث جامعہ رضویہ فیصل آباد حضرت علامہ مولانا مفتی غلام رسول صاحب سے کیا آپ نے فرمایا جامعہ رضویہ کے امتحانات منعقد ہو رہے ہیں آپ امتحان دے دیں چنانچہ آپ بغیر پیشگی مطالعہ کے جامعہ رضویہ کے امتحانات میں بیٹھ گئے۔ امتحان میں آپ نے نمایاں پوزیشن کے ساتھ کامیابی حاصل کی۔ بخاری شریف اور مسلم شریف میں ۱۰۰ سے ۸۵ اور ۸۰ نمبر حاصل کئے۔

اسی طرح تنظیم المدارس کا امتحان بھی دیا ایم اے کی سند حاصل فرمائی۔ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام رسول صاحب نے بھی اپنے ہاتھ سے ایک سند لکھ کر دی۔ آپ نے مذکورہ بالا مدارس کی سندیں حاصل کرنے کے بعد فرمایا مجھے اللہ تبارک تعالیٰ جل شانہٗ اور سرکار دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فضل و کرم اور مہربانی کی ضرورت ہے۔ سندوں کی کوئی ضرورت نہیں۔ ویسے بات ہوئی تو دوستوں کے کہنے پر امتحان دے دیا۔

حلیہ مبارک

آپ کا چہرہ مبارک نہ گول ہے اور نہ ہی لمبا۔ بلکہ اس کے بین بین ہے۔ بڑی پیاری صورت ہے بلند قامت ہیں۔ بوڑھے ہونے کے باوجود جواں ہمت ہیں نہ زیادہ فربہ ہیں اور نہ ہی پتلے۔ سینہ مبارک کشادہ ہے۔ آنکھیں چمکدار اور دلکش ہیں۔ ریش مبارک سفید ہے۔ دانت مبارک تقریباً سب کے سب گر چکے ہیں۔ رنگ سُرخی مائل گندمی ہے۔

Marfat.com

لباس شریف

سادہ اور سیدھا کُرتہ پہنتے ہیں. تہبند باندھتے ہیں. سر پر ٹوپی اور پگڑی ہوتی ہے۔ ایک کپڑا زائد کاندھے پر رکھتے ہیں۔ سارے کا سارا لباس سفید پہنتے ہیں. پاؤں مبارک میں دیسی جُوتی پہنتے ہیں۔

بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم میں حاضری

آپ نے اوائل عمر میں ہی حج بیت اللہ شریف کا شرف حاصل کیا ہے آپ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے روضۂ مبارک کے سامنے بیٹھ کر سرکارِ ابد قرار علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو جامع صغیر شریف پوری کتاب سُنائی۔

اِجازتِ بیعت

آپ کو چاروں سلسلوں (نقشبندی، قادری، چشتی، سہروردی) میں بیعت کرنے کی اجازت ہے۔ جن جن بزرگوں سے آپ کو خلافت حاصل ہے ان میں سے چند کا ذکر ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ مجمع انوار لاثانی، شیخِ طریقت حضرت، قبلہ پیر سید علی اصغر شاہ صاحب مدظلہٗ العالی۔ سجادہ نشین دربار عالیہ لاثانیہ علی پور شریف۔

Marfat.com

۲۔ سید المتقین، امامِ طریقت، حضرت قبلہ پیر سید علی اکبر شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ۔

۳۔ راہبرِ شریعت، زبدۃ العارفین حضرت قبلہ حافظ محمد حسین شاہ صاحب

۴۔ ولی گر ولی، قطبِ زماں حضرت مولانا محمد سردار احمد صاحب قدس سرہٗ العزیز محدثِ اعظم پاکستان۔

۵۔ شیخ زماں، خواجہ خواجگاں حضرت قبلہ محمد حسین صاحب۔ سجادہ نشین کوٹلہ شریف۔

۶۔ شیخ المشائخ حضرت قبلہ جناب پیر محمد یعقوب شاہ صاحب (بورا منڈی)

۷۔ حضرت قبلہ صاحبزادہ سید محمد عاشق حسین شاہ صاحب، سرہندی مجددی مراڑہ شریف چک ۴۲۔

علاوہ ازیں چورہ شریف اور کچھ دیگر معزز آستانوں سے بھی آپ کو خلافت کا منصب حاصل ہے۔ شرق پور شریف سے قطب الاقطاب، سلطان العارفین حضرت قبلہ میاں غلام اللہ صاحب المشہور ثانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور اوکاڑہ شریف سے پیر روشن ضمیر، مجسمہ کشف و کرامات حضرت سید محمد اسماعیل شاہ صاحب قدس سرہٗ العزیز (المشہور حضرت صاحب کرمانوالے) سے آپ طویل عرصہ تک فیض یاب ہوتے رہے ہیں۔ آپ کے اکثر ملنے والے یہی سمجھتے ہیں کہ شاید آپ میاں ثانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ یا حضرت صاحب کرمانوالے قدس سرہٗ العزیز کے مرید اور خلیفے ہیں لیکن آپ فرمایا کرتے ہیں۔ ان بزرگوں سے اگرچہ طویل عرصہ تک سلسلہ ملاقات جاری رہا اور کسبِ فیض ہوتا رہا مگر ان کی طرف سے چونکہ باقاعدہ طور پر زبان سے

Marfat.com

خلافت کے بارے میں نہیں فرمایا گیا اس لئے میں مناسب نہیں سمجھتا کہ میں کہوں کہ مجھے ان سے بھی خلافت ہے۔

حلقہ مُریدین

آپ کا حلقہ مریدین بہت وسیع ہے۔ پاکستان کے کونے کونے میں اور بیرونِ پاکستان بھی آپ کے مریدین پھیلے ہوتے ہیں اور توحید و رسالت کا علم بلند کئے ہوتے ہیں۔ آپ مریدین کو وہی احکام فرماتے ہیں جو اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بسیط و بیخد و جل جلالہٗ اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام والتحیۃ والثنا نے ایمان لانے والے کے لئے ضروری قرار دیئے ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بجا آوری پر بہت زور دیتے ہیں۔ شریعت کی پابندی کے معاملے میں خاص خیال فرماتے ہیں آپ کے حلقہ بیعت میں مرد، عورتیں اور جنات کثیر تعداد میں داخل ہیں۔

کافروں کو مسلمان کرنا

تبلیغ دین میں آپ بلندی کی طرف ہی پرواز کرتے رہے ہیں۔ دشمنوں کی دشمنی، مخالفوں کی مخالفت اور حاسدوں کے حسد سے بے نیاز اپنے مشن میں مصروف رہتے ہیں۔

قیامِ پاکستان سے قبل جب کہ آپ کی عمر شریف ابھی بیس بائیس سال کی تھی آپ نے اس وقت تقریباً ۳۵۰ ہندوؤں کو مسلمان کیا۔ پھر بعد کے ادوار میں سینکڑوں عیسائیوں نے آپ کے دستِ ہدایت وحق پرست پر اسلام قبول کیا۔ بندۂ ناچیز نے خود اپنی آنکھوں سے کئی عیسائیوں کو مسلمان ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔

Marfat.com

بے شمار بے دین لوگ دین دار ہوئے۔ گمراہ لوگ راہِ راست پر آئے۔ کٹر قسم کے گستاخوں کو ادب اور عشقِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وبارک وسلّم کے جام پلائے۔ وہ دیہات اور جگہیں جہاں صحیح العقیدہ اہلِ سنت وجماعت کا وجود برداشت نہیں کیا جاتا تھا وہاں بھی علمِ حق بلند کیا اور ہزاروں بھٹکے ہوئے انسانوں کو صحیح العقیدہ سُنی مُسلمان بنایا۔

سالانہ تبلیغی اجتماع

حضرت قبلہ پیر صاحب مدظلہٗ العالی کے آستانہ عالیہ پیلے گوجراں شریف میں ہر سال ہاڑ کے مہینے میں اسلامی مہینہ کی گیارہ تاریخ کو ایک عظیم الشان محفلِ میلاد منعقد ہوتی ہے یہ سلسلہ محفلِ میلاد ۱۹۷۵ء سے شروع ہُوا تھا۔ اس سالانہ اجتماع کی حاضری میں ہر سال متعدبہ اضافہ ہو رہا ہے اور زبردست تبلیغ کا کام دیتا ہے۔ بڑے بڑے جید علماء اور شعراء اور نعت خواں حضرات تشریف لاتے ہیں۔ اجتماع حیرت انگیز حد تک رقت انگیز اور ایمان افروز ہوتا ہے۔ ہزار ہا لوگوں کے عقائد کی پختگی اور اعمال کی درستگی کا باعث بنتا ہے۔ یہ سالانہ تبلیغی اجتماع صرف ایک رات کے لئے ہوتا ہے۔ باقاعدہ طور پر عشاء کی نماز سے لے کر فجر کی اذان سے پہلے تک یہ پروگرام جاری رہتا ہے۔ ہزاروں لوگ دور و نزدیک سے اس عظیم الشان اجتماع میں تشریف لاتے ہیں۔ جنگل میں منگل کا سماں ہوتا ہے۔

ہزار ہا لوگوں کے لئے لنگر شریف کا وسیع انتظام ہوتا ہے۔

یہ عظیم اجتماع ہر لحاظ سے کامیاب اجتماع کی حیثیت رکھتا ہے

Marfat.com

قرآن کریم کی تفسیر

تفسیر یوسفی کے نام سے آپ ایک تفسیر لکھ رہے ہیں یہ حقائق و دقائق اور ایسے نکات سے مزین تفسیر ہے جو اپنی مثال آپ ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز عنقریب منظرِ عام پر آجائے گی۔

نوٹ:- آپ کی ذاتِ اقدس سے بے بہا کرامات وقوع پذیر ہوئی ہیں جن کو انشاء اللہ العزیز مستقل کتاب کی شکل میں زیرِ تحریر سوانح حیات میں پیش کیا جائے گا۔

عقائد کو مضبوط اور اعمال کو درست کرنے والی عظیم کتابیں

۱۔ کنز الایمان ۲۔ مدارج النبوت ۳۔ بہارِ شریعت ۴۔ نگینے دے نگینے حصہ اوّل و دوم اور ضیائے نگینہ حصہ اوّل ۵۔ جاء الحق ۶۔ اخبار الاخیار ۷۔ عوارف المعارف ۸۔ کشف المحجوب ۹۔ مکاشفۃ القلوب ۱۰۔ مکتوباتِ امام ربانی ۱۱۔ احیاء العلوم۔

ملنے کا پتہ:- نگینہ کتب خانہ عمر دین روڈ وسن پورہ لاہور۔ ۳۹

Marfat.com

فضائلِ اورادِ فتحیہ شریف

جس شخص کو دین و دنیا کی فتوحات حاصل کرنے کی خواہش ہو اُسے چاہیئے کہ وہ اورادِ فتحیہ شریف پڑھے۔ اورادِ فتحیہ شریف حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تالیفات میں سے ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنی تصنیف "انتباہ فی سلاسل اولیاء" کے صفحہ ۱۴۲، پر لکھتے ہیں کہ

ترجمہ:۔ اورادِ فتحیہ شریف

"ایک ہزار چار سو اولیاء کے متبرک کلام سے جمع ہُوا ہے اور فتح ہر ایک کی ان میں سے ایک کلمہ میں ہُوئی ہے۔ جو حضوری کے ساتھ اپنے پر لازم کر لے اس کی برکت اور صفائی مشاہدہ کرے گا وَاللہ ولی التوفیق۔ اب اگر فضائل اور خواص اس اورادِ فتحیہ شریف کے بیان کئے جائیں تو بہت طویل ہو جائیں گے۔ اس واسطے کہ آنحضرت سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی ساری عمر میں معمورۂ عالم کی تین بار سیر کی ہے۔ اور چودہ سو کامل اولیا سے ملے ہیں۔ ہر ولی سے رخصت کے وقت دُعا اور نصیحت اور وِردو وظائف کی التجا کی۔ اور ان نصیحتوں اور وِرد و وظائف کو اپنے جامہ پر مُرقع کیا ہے اور ان دُعاؤں اور ذکروں کو جو بے اختیار ان کی زبانوں پر جاری ہوتے تھے جمع کیا ہے یہ اوراد ہو گیا ہے۔ انہیں حضرت سے منقول ہے کہ جب میں

Marfat.com

بارہویں دفعہ کعبہ شریف کی زیارت کو گیا پھر مسجدِ اقصیٰ پہنچا تو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ تشریف لا رہے ہیں میں اُٹھا اور آگے گیا اور آپ کی خدمت اقدس وعالیہ میں سلام عرض کیا آپ نے اپنی آستین مبارک سے ایک جزو نکالا اور اس درویش سے فرمایا کہ "خذ ھذا الفتحیۃ" (یعنی اس فتحیۃ کو پکڑ لے) جب میں نے آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کے دستِ مبارک سے پکڑ لیا اور نظر کی تو یہ وہی اورادِ فتحیہ شریف تھے جن کو میں نے جمع کیا ہوا تھا۔ اس اشارہ سے اس کا نام (اوراد) فتحیہ شریف رکھا گیا۔

چونکہ اس اوراد شریفہ سے ۱۴۰۰ کامل اولیاء اللہ کے فیوض جاری ہیں۔ اس لئے اس کے پڑھنے والوں کو خداوند قدوس کی طرف سے ان بزرگوں کا صدقہ فیضان ملتا ہے۔ اس کے پڑھنے والوں کے تاثرات، مشاہدات اور تجربات علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔

پڑھنے کا وقت

اس اورادِ فتحیہ شریف کو تہجد کے وقت پڑھنا چاہیئے کیونکہ اس کے پڑھنے والے کے لئے ترکِ جمالات وحیوانات ضروری اور لازمی امر ہے اگر کبھی نمازِ تہجد کے بعد نہ پڑھا جاسکے تو فجر کی نماز کے بعد پڑھ لینا چاہیئے۔ بالفرض اگر کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد بھی نہ پڑھ سکے تو دن کے کسی پہر میں ضرور بضرور پڑھ لینا چاہیئے۔ اگر سفر کی وجہ سے یا کسی اور بنا پر دن کے کسی پہر میں بھی نہ پڑھا جاسکے تو اگلے دن دو دفعہ اس کا ورد کیا جائے تاکہ پچھلی کمی پوری ہو سکے۔ بہر حال اس کے پڑھنے کا وقت نماز تہجد کے

Marfat.com

بعد ہی ہے اور تہجد کی نماز کے بعد فجر کی اذان سے پہلے پڑھنے والے جلد فیوض و برکات حاصل کرتے ہیں۔

پڑھنے کا طریقہ

بندۂ ناچیز منیر احمد یوسفی عفی اللہ عنہ، نے جب سیدی مرشدی پیرِ طریقت حضرت قبلہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہ العالی سے اورادِ فتحیہ شریف کے پڑھنے کے طریقہ سے متعلق سوال عرض خدمت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے برادر حقیقی قطب زماں حضرت قبلہ میاں غلام اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (المشہور ثانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) نے فرمایا کہ اورادِ فتحیہ شریف کو پڑھنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیئے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات دفعہ الحمد للہ شریف بمعہ بسم اللہ شریف اور گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص شریف بمعہ بسم اللہ شریف پڑھنی چاہیئے۔

علاوہ ازیں پڑھنے والوں کے لیے جن باتوں کا خیال رکھنا اور پابندی کرنا ضروری ہے وہ درج ذیل ہیں۔

۱۔ پڑھنے کے دوران کسی سے کسی قسم کی گفتگو نہیں کرنی چاہیئے۔ اگر دورانِ تلاوت اوراد ہٰذا کسی قسم کی گفتگو کی جائے گی تو اس کو دوبارہ مذکورہ آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھنا پڑے گا۔

۲۔ پڑھنے کا ابتدائی طریقہ یہ ہے اس کی تلاوت قدرے بلند آواز سے کی جائے۔ اور ایسی جگہ پڑھا جائے جہاں نہ تو کوئی سویا ہوا اور نہ ہی کوئی بیمار آرام کر رہا ہو۔

Marfat.com

۳- پڑھنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ بالکل آہستگی سے اور منہ میں پڑھا جائے۔

۴- پڑھنے کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آنکھ اور دل سے پڑھنے کا کام لیا جائے اور حضورِ قلبی سے پڑھا جائے نیز چاہے مبتدی ہو یا متوسط یا منتہی اس کے مطالب کو سمجھ کر پڑھنا چاہیئے (دو زبانوں فارسی اور اردو میں آسان ترجمہ کرنے کا مقصد یہ بھی پیشِ نظر تھا کہ قاری اس کے مطالب کو سمجھ کر پڑھے تاکہ اس کو پڑھ کر کیف و سرور آئے رُوح کو طمانیت حاصل ہو) حضورِ قلبی کے ساتھ پڑھنے سے جلد تاثیر ہوتی ہے کسی ورد یا وظیفہ کو پڑھنے کے لئے کسی صاحبِ اجازت شخصیت سے اجازت لینا ضروری ہے بغیر اجازت کے پڑھنے سے مشکلات اور پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں محض کتاب پر لکھا ہوا پڑھ لینے سے کہ اس وظیفہ کی اجازت ہے کافی نہیں ہے کیونکہ جب کوئی صاحبِ اجازت' اجازت عطا فرماتے ہیں تو پھر وہ ضامن اور محافظ ہو جاتے ہیں اور مشکل وقت اور کسی امتحان کے موقع پر راہ نمائی فرماتے ہیں۔

جہاں تک اورادِ فتحیہ شریف کا تعلق ہے اس کو بغیر اجازت نہیں پڑھا جاسکتا اس کے پڑھنے والے پر تین آزمائشیں کچھ اس طرح کی ہوتی ہیں کہ کبھی ماں باپ یا بہن بھائی یا یار دوست یا عزیز رشتہ دار، برادری وغیرہ مخالف ہو جاتی ہے اہلِ محلہ مخالف ہو جاتے ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حاکمِ وقت مخالف ہو جاتا ہے یا کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کتا چارپائی پر ٹٹی پیشاب کر دیتا ہے۔ یہ سب صورتیں اورادِ فتحیہ شریف کے قاری پر کسی نہ کسی رنگ میں آسکتی ہے۔ جب ایسی پوزیشن ہو تو پھر قاری کے لئے ضروری ہے کہ خاموشی اختیار کرے اور صبر و تحمل سے کام لے۔ اور ڈوری ربِ کریم پر چھوڑ دے یہاں تک کہ کسی کے متعلق بُرائی کا ارادہ کرنا، بددعا

Marfat.com

ہونا اور بدزبانی کرنا منع ہے جو شخص ان آزمائشوں میں پورا اتر جاتا ہے ۔ کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اصل میں یہ معاملہ کچھ ایسے ہے جیسے گڑ بنانے کے لئے گنے کے رس کو کڑاھے میں ڈال کر نیچے سے آگ جلا دیتے ہیں تو رس کی میل اوپر آجاتی ہے ۔ جس کو بعد میں صاف کر دیا جاتا ہے اور صاف شفاف گڑ بنتا ہے ۔ اسی طرح اورادِ فتحیہ شریف کے پڑھنے والے کی میل بھی نکل جاتی ہے قاری کی طبیعت میں رقت پیدا ہو جاتی ہے ۔ استغنائے قلبی کی عظیم نعمت ملتی ہے ۔ تنگدستی دور ہو جاتی ہے ۔ دل سے "ہائے مر گئے ، ہائے مر گئے" والا معاملہ ختم ہو جاتا ہے ۔ آدمی سیف اللسان ہو جاتا ہے اور جو بات اس کی زبان سے نکلتی ہے وہ ہو کے رہتی ہے بفضلہٖ تعالیٰ ۔

ایسا وظیفہ جو چودہ سو (۱۴۰۰) اولیاء اللہ کا فیض سمیٹے ہوئے ہے ۔ اس کی گہرائیوں تک پہنچنا بہت مشکل کام ہے ۔ اگر یہ کہا جائے کہ جُوں جُوں پڑھنے والے پر فیض و کرم کی بارش ہوتی ہے توں توں عجز و انکساری سے اس کا سر خدا کی بارگاہ میں جھکتا ہے (ایسے ہی جیسے کسی پھلدار درخت کو پھل لگیں تو اس کی ٹہنیاں جھکتی ہیں) تو عین حقیقت ہو گا ۔ چند حقائق مختصراً پیشِ خدمت ہیں ۔

(اگلے صفحات پر ملاحظہ فرماویں)

Marfat.com

(۱) تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد شریف کے ایک مستری جناب عبدالغنی صاحب کا واقعہ ہے۔ حضرت قبلہ پیر صاحب سے ان کی ملاقات ان کے بیٹے جناب خالد محمود صاحب کے ذریعے ہوئی۔ ملاقات کے موقع پر مستری صاحب نے اپنی تنگدستی، مفلوک الحالی اور ہزاروں روپے قرض کے بوجھ کے متعلق حالتِ زار بیان کی اور دعا کے لئے التجا کی۔ حضرت قبلہ پیر صاحب نے مستری صاحب کو شریعت کی پابندی اور توبہ کے متعلق ارشاد فرمایا۔ پھر آپ نے ان کو اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کی اجازت عطا فرمائی۔ اور ساتھ ہی دعا بھی فرما دی۔

مستری صاحب بدستور حکم کے مطابق عمل کرتے رہے۔ کچھ عرصہ کے بعد حضرت قبلہ پیر صاحب کا کسی جلسے کے سلسلہ میں سمندری تشریف لانا ہوا۔ حسنِ اتفاق سے جس راستے آپ تشریف لا رہے تھے وہاں مستری صاحب کی نظر آپ پر پڑی تو بھاگ کر آپ کے گلے سے لپٹ گئے اور کیف و سرور میں روتے ہوئے عرض کیا کہ "حضور ایک عجیب عمل دیکھنے میں آیا ہے کہ جب رات کا پچھلا وقت ہوتا ہے تو غائبانہ آوازیں آتی ہیں کہ "اُٹھو مستری عبدالغنی! اُٹھ کے رب رب کر۔"

مستری صاحب نے عرض کیا۔ حضور فرمائیں یہ سب کچھ کیا ہے۔ تو آپ نے بات کو ٹالتے ہوئے فرمایا۔ مستری صاحب آپ پابندی کے ساتھ عمل کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ سب تنگیاں اور پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔" المختصر وہی مستری صاحب جو ہزاروں روپوں کے قرضے تلے بری طرح دبے ہوئے تھے۔ آج اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و یحد و بسیط و جل جلالہٗ اور حضور نبی اکرم علیہ الصلوٰت و التسلیمات و التحیات و الطیبات کے فضل و کرم سے اور حضرت قبلہ پیر صاحب کی دعا برکت

Marfat.com

سے بہت خوشحال ہیں تحصیل سمندری میں اس وقت ان کی سب سے بڑی نلکوں اور پائپوں کی دُکان ہے سمندری کے لوگ یہ کہتے ہیں کہ" بابے تنے کوئی بُوٹی دی ہے جس کی وجہ سے یہ سب لہر بہر ہے۔

(۲) بندہ کے اپنے سُسر جناب محمد نذیر بٹ صاحب کا واقعہ ہے جنہیں اوراد فتحیہ شریف اور حضرت صاحب کی دُعا سے باغ و بہار لگی ۱۹۷۵ء کی بات ہے جناب محمد نذیر بٹ صاحب کے لڑکے محمد ارشد بٹ صاحب نے اپنی گھریلو پریشانیوں تنگیوں اور اپنے والد محترم کی بے روزگاری کا بڑے دُکھ کے ساتھ تذکرہ کیا۔ اُن کے حالات سُن کر دل کو بہت صدمہ پہنچا۔ بندہ نے عرض کیا کہ حضرت قبلہ پیر صاحب سے دُعا کے لئے عرض کروں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب خیر ہو جائے گی۔ تم اپنے والد صاحب سے کہو کہ اللہ تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بسیط و مجید و جل سُلطانہ، کی طرف رُجوع کریں۔ اس کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور عرض کیا کہ حضرت قبلہ پیر صاحب مردِ کامل ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وبارک وسلم کی حضوری والے ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ جل شانہٗ کے کامل ولی ہیں۔ ان کے دستِ ہدایت پر بیعت کرلیں"

خیر! محمد ارشد بٹ صاحب نے گھر جاکر مذکورہ بالا گفتگو اپنے والد صاحب سے بیان کردی۔ جناب محمد نذیر بٹ صاحب کے دل کو بات لگی اور رجوع الی اللہ کی بات نے دل کو بے تاب کیا اور حضرت قبلہ پیر صاحب کی بارگاہ میں حاضری بھرنے کا شوق موجزن ہوا۔

چند دنوں کے بعد جمعہ کے روز بندہ کے ہمراہ فیصل آباد شریف روانہ ہوئے وہاں حضرت قبلہ پیر صاحب کے پاس جمعۃ المبارک کا خطبہ سنا نماز پڑھی اور جب

Marfat.com

وہاں سے فارغ ہوئے تو حضرت صاحب "مائی دی جھگی" فیصل آباد شریف میں اپنے آستانہ عالیہ میں تشریف لائے۔ وہاں آنے کے بعد بٹ صاحب نے بیعت ثابت کر لی اور حضرت صاحب کے دامن شفقت سے وابستہ ہو گئے۔ آپ نے بٹ صاحب کو اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کی اجازت بھی دے دی۔ بس اُسی دن کے بعد دین و دنیا میں حیرت انگیز تبدیلی رونما ہونا شروع ہو گئی۔ اب بٹ صاحب قطر میں ایک سیمنٹ فیکٹری میں مکینک کے طور پر ملازم ہیں۔ بڑا فضل و کرم اور بڑی رحمتیں ہیں۔ اورادِ فتحیہ شریف اور آپ کی دُعائیں اپنا رنگ دکھا رہی ہیں۔

اسی طرح کی کئی مثالیں ہیں کہ اورادِ شریف پڑھنے والے دینی و دنیاوی لحاظ سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ تاندلیانوالہ میں بندہ کی ایسے احباب سے ملاقات ہوتی ہے جن میں مستری محمد حسین صاحب اور بھائی محمد عمر الدین صاحب خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں

جب مذکورہ بالا حضرات سے کہا جاتا ہے کہ ایک وہ وقت تھا جب آپ کی حالت دگرگوں تھی۔ اور آج فراخی، کشادگی اور سخاوت کی حالت میں ہیں تو بغیر کسی تمہید کے کہتے ہیں کہ ہمیں حاجی بابا کیلئے ہیں رب تبارک و تعالیٰ نے تو ہمارے لئے "موگا" کھول دیا ہے۔

اورادِ فتحیہ شریف کی برکت سے نہ صرف یہ کہ رُوحانی طور پر بڑی ترقیاں اور برکتیں حاصل ہوتی ہیں بلکہ دنیاوی کشادگی اور فراخی بھی حاصل ہوتی ہے۔ ہر پڑھنے والے کو اُس کی صفائی قلب کے مطابق مختلف قسم کے تجربات اور مشاہدات ہوتے ہیں بعض لوگوں کو تہجد کے وقت ندائے غائبانہ آتی ہے۔ تاندلیانوالہ منڈی سے جناب

Marfat.com

ریاض احمد بلوچ صاحب کے والد جناب نور احمد بلوچ صاحب مرحوم (سیکرٹری ماندلیانوالہ منڈی) نے ساری عمر بڑے وظیفے کیے مگر جب حضرت قبلہ پیر صاحب مدظلہٗ العالی نے اورادِ فتحیہ شریف کی اجازت فرمائی انہوں نے باقاعدہ طور پر تمام آداب کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے پڑھنا شروع کیا تو اس کے فیوض و برکات و انوار و تجلیات کو ظاہراً ملاحظہ کیا۔ بعض کے لئے رجالِ غیب بجلی کے قمقمے روشن کر دیتے ہیں۔ بعض کے لئے دروازے کھل جاتے ہیں۔

اس سلسلہ میں ایک واقعہ چک ۱۷۲/۲ گ۔ب چھجوال تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد شریف کے چوہدری محمد علی مرحوم کی بیوی کا ہے۔

چوہدری صاحب ستیانہ ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ ان کی بیوی ایک دن کہنے لگی۔ مجھے کسی پیر فقیر کے متعلق بتائیں میں بیعت ہونا چاہتی ہوں۔ چوہدری صاحب نے کہا اگر بیعت ہونا ہے تو پھر پیرِ طریقت حضرت قبلہ حاجی محمد یوسف علی صاحب نگینہ مدظلہٗ العالی کی ہو جانا۔

چنانچہ وہ حضرت قبلہ پیر صاحب کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئی۔ آپ نے اُس کو اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ تقریباً چھ ماہ کے بعد اس نے واقعہ سنایا کہ ایک شب میں تہجد کے لئے اُٹھی۔ میں نے دیکھا دروازہ کھلا ہُوا ہے باہر قضائے حاجت کے لئے گئی۔ واپس آکر میں نے وضو کیا اور نماز پڑھنے لگی۔ پھر میں نے اپنے جیٹھ "لالہ" کو جو کہ دروازے کے قریب سویا ہُوا تھا، کہا کہ دروازہ کھلا ہے بند کر دو۔ کہیں کوئی چور کام نہ دکھا جائے۔ وہ دروازے کو بند کرنے کے لئے اُٹھا دروازے کو دیکھ کر اس نے کہا کہ دروازے کو تو تالہ لگا ہُوا ہے۔ چوہدری صاحب کی بیوی نے کہا۔ میں تو باہر قضائے حاجت سے فارغ ہو کر آئی ہوں۔ پھر اُس نے

Marfat.com

کہا۔کہیں تو پاگل تو نہیں ہو گئی۔ جب ایک دو بار اس طرح تکرار ہوئی تو چوہدری صاحب کی بیوی نے کہا۔ پھر مجھے یاد آیا کہ اوہو! مجھے تو باباجی نے فرمایا تھا کہ اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے والے کے لئے دروازے بھی خود بخود کھل جاتے ہیں اور یہ ایک ایسی کیفیت تھی کہ ایک وقت میں ایک کے لئے دروازے کھلے ہوتے ہیں اور دوسرے کے لئے دروازے بند ہیں۔

حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ والثنا کے لئے خود بخود دروازے کھلتے رہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم کے حجرہ مبارک کا دروازہ کھلا تھا۔ اورادِ فتحیہ شریف مقبول بارگاہِ مصطفویہ ہے۔ اس کے پڑھنے والوں میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں۔ جن کے لئے دروازے خود بخود کھل جاتے ہیں۔

ایک بڑا عجیب اور حیرت انگیز واقعہ ہے جس کو نقل کرنا بہت مناسب معلوم ہوتا ہے شاید کسی اور کے لئے سود مند ہو۔ یہ واقعہ تحصیل سمندری کے گاؤں فیض پور کا ہے۔اس گاؤں کا تقریباً ¾ حصہ میرے قبلہ وکعبہ حضرت صاحب کا مرید ہے مذکورہ گاؤں کے ایک گھر میں جنوں کا ڈیرہ تھا۔ بڑی خوفناک بات ہے۔صفحۂ قرطاس پر لاتے ہوئے حیا اور شرم محسوس ہوتی ہے۔خیرا صاحبِ خانہ کی بیوی نے بڑے دکھ اور تکلیف سے روتے ہوئے واقعہ سنایا۔ آپ نے اس گھر سے ایک فرد کو اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کے لئے مانگا۔ آپ نے اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کی اجازت دے دی۔ بس پھر کیا تھا اللہ تبارک وتعالیٰ واجب الوجود وسطلق وبسیط وبعید

Marfat.com

اور رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم کی رحمت وکرم سے اورادِ فتحیہ شریف کی برکت اور آپ کی دُعا سے جنات نے اس گھر کو چھوڑ دیا، اہلِ خانہ نے جب یہ فیض دیکھا تو سب کے سب اہلِ خانہ آپ کے مُرید ہو گئے۔

تنبیہ اورادِ فتحیہ شریف کا ایک اور پہلو بھی ہے اور وہ یہ کہ جو شخص اس کو پڑھنا چھوڑ دیتا ہے اس پر اُلٹا اثر ہو جاتا ہے اور بجائے فیض کے سزا ملتی ہے اور وہ بھی مختلف رنگوں میں۔ کبھی گھر میں اینٹیں گرنے لگتی ہیں۔ کبھی گھر میں دُھواں ہی دُھواں ہو جاتا ہے۔ کپڑے خود بخود پھٹ جاتے ہیں۔ کبھی گھر میں خون گرتا ہے۔ کبھی کوئی مالی نقصان ہو جاتا ہے ایک طرف یہ تاثیر ہے کہ باقاعدگی کے ساتھ اصول وضوابط کو ملحوظِ خاطر رکھ کر پڑھنے والا سیف اللسان ہو جاتا ہے اور دوسری طرف پڑھتے پڑھتے چھوڑنے والے کو مختلف رنگوں میں سزا بھی ملتی ہے۔

ایک واقعہ بطور درس وعبرت پیش خدمت ہے آپ کے گاؤں پیلے گوجراں شریف میں ایک گھر کے دو افراد ماں اور بیٹی کو اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے کی اجازت تھی۔ کچھ عرصہ بعد دونوں ماں بیٹی آپ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئیں اور عرض کرنے لگیں حضور ہمارے کپڑے خود بخود کٹ جاتے ہیں۔ سمجھ نہیں آتی خدا جانے کوئی جن بھوت ایسی حرکت کر جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا تم نے اورادِ فتحیہ شریف پڑھنا چھوڑ دیا ہے اس لئے ایسا ہوتا ہے انہوں نے قسم کھائی ہم تو پڑھتیں ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ بات ماننے میں نہیں آتی۔ تم نے ضرور بہ ضرور اورادِ فتحیہ شریف کا ورد چھوڑ دیا ہے۔ جب کپڑوں کے کٹنے کا سلسلہ ختم نہ ہوا اور بالآخر سر کے دوپٹے کٹنے شروع ہوئے اور کٹتے کٹتے ایک ہاتھ

Marfat.com

کے برابر رہ گئے تو لڑکی روتے ہوئے کہنے لگی کہ باباجی مجھے معاف فرمانا دراصل میں نے آپ سے جھوٹ بولا۔ حقیقت یہ ہے کہ مجھ سے بے احتیاطی ہوگئی ہے اور کئی دنوں سے میں نے اورادِ فتحیہ شریف کا ورد نہیں کیا (کٹے ہوئے کپڑے جناب چوہدری محمد ظفر صاحب ہاتف سمن آبادی فیصل آبادی نے بھی دیکھے ہیں وہ اس واقعہ کے عینی گواہ ہیں) آخر کار لڑکی نے توبہ کی آئندہ سے باقاعدگی کے ساتھ پڑھنے کا وعدہ کیا۔ اب اللہ تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق دیحد اور رسُولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کی مہربانی سے گھر میں خیر وعافیت ہے۔

المختصر اورادِ فتحیہ شریف کے بے بہا فیوض و برکات ہیں پڑھنے والے کو استغنائے قلبی جیسی عظیم نعمت عطا ہوتی ہے۔ قنوطیت اور بے یقینی کی حالت ختم ہو جاتی ہے۔ طبیعت میں عجز و انکساری کے ساتھ مستقل مزاجی پیدا ہوتی ہے۔ صبر و تحمل اور بُردباری فضائل و کردار کی زینت بنتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ راضی برضا رہنے اور توکل علی اللہ کرنے والی رُوحانی منزل نصیب ہوتی ہے۔

آخر میں ایک اور خاص بات قابلِ ذکر ہے وہ یہ کہ جب اورادِ فتحیہ شریف کو پڑھ لیا جائے تو اس کا ایصالِ ثواب حضرت امیر کبیر سیّد علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی رُوح پُرفتوح کو بطور نذرانہ پیش کیا جائے بعدازاں ہاتھ اُٹھا کر بڑے خشوع وخضوع اور دِل جمعی کے ساتھ **دُعائے رقاب** پڑھی جائے اور جہاں یہ الفاظ **اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْاَوْرَادِ الْفَتْحِيَّةِ اَفْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ الْعِنَايَاتِ** آئیں تو جو خواہش اور دِلی مُراد (شرعی) ہو اس کی نیت کر لی جائے۔ انشاء اللہ العزیز دِلی مُراد پُوری ہوگی۔

تمت بالخیر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اورادِ فتحیہ شریف

مُترجم

مؤلف

حضرت امیر کبیر پیر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

اَورادِ فتحیہ شریف

اورادِ فتحیہ شریف کو پڑھنے سے پہلے ایک بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ایک بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم
۱۱ دفعہ درُود شریف :-

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

○

۷ دفعہ سُورۃ الفاتحہ شریف بمعہ بسم اللہ شریف اور
۱۱ دفعہ سُورۃ اخلاص شریف بمعہ بسم اللہ شریف پڑھیں

○

نوٹ :- اورادِ فتحیہ شریف پڑھتے وقت کسی سے گفتگو نہ کریں اگر دورانِ تلاوت بات چیت کریں تو پھر دوبارہ شروع سے مذکورہ بالا طریقے کے مُطابق پڑھیں۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد) بخشایندہ مہربان

ساتھ نام اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد) نہایت مہربان بڑے رحم فرمانیوالے کے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ ۳ دفعہ (سہ بار) اَلَّذِیْ

آمرزش می خواہم از اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد) بزرگ آں ذات کہ

میں اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد) بزرگ سے معافی چاہتا ہوں وہ ذات کہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

نیست ہیچ معبودے برحق مگر آن زندہ و پایندہ و بازمیگردم بسوئے

کوئی سچا عبادت کے لائق نہیں مگر وہی اور ہمیشہ رہنے والا ہے اور پھرتا ہوں میں اسکی طرف

وَاَسْاَلُهُ التَّوْبَةَ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ

او وسوال می کنم اُورا توبہ را الٰہی توئی سلامت

اور اس سے میں توبہ کا سوال کرتا ہوں اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بسیط و بیحد) تو سلامت ہے

وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ

واز تو سلامتی وبسوئے تو میگروید

اور تجھ سے سلامتی ہے اور تیری طرف سلامتی

السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ

